روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 15 جون 2005ء 7 جمادی الاول 1426 ہجری 15 احسان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 132

کوئی نیکی حقیر نہیں

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔
کسی معمولی نیکی کو بھی حقیر نہ سمجھو اگرچہ اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملنے کی نیکی ہو۔

(صحیح مسلم کتاب البر والصلہ باب استحباب طلاقۃ الوجہ حدیث نمبر:4760)

قرآن کریم باقاعدگی اور مقررہ اندازہ سے پڑھنا چاہئے (حضرت مصلح موعود)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا (2)

وینکوور جماعت کے 114 خاندانوں سے ملاقات۔ برٹش کولمبیا کے صدر مقام وکٹوریہ کی سیر

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

6 جون 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رہائشی حصہ کے عقبی لان میں لگائی گئی مارکی میں تشریف لاکر پڑھائی۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ نو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے وینکوور مشن ہاؤس کے لئے روانہ ہوئے۔ دس بجکر دس منٹ پر حضور انور مشن ہاؤس پہنچے۔ جہاں پروگرام کے مطابق فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ وینکوور جماعت کی 56 فیملیز کے 245 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا اور تصاویر بھی بنوائیں۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ دوپہر ڈیڑھ بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مع ممبران قافلہ دوپہر کے کھانے پر عزیزہ سلمیٰ خان صاحبہ وشعیب نصر اللہ صاحب کے گھر تشریف لے گئے۔

یہاں سے ساڑھے تین بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ کے لئے روانہ ہوئے۔ راستہ میں کچھ دیر کے لئے صدر لجنہ اماء اللہ وینکوور مکرمہ راضیہ سرور صاحبہ کے گھر رکے۔ سوا چار بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

چھ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے مشن ہاؤس کے لئے روانہ ہوئے۔ جہاں ساڑھے چھ بجے فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ جماعت وینکوور کے 58 خاندانوں کے 275 افراد نے حضور انور سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ رات نو بجکر پچاس منٹ تک جاری رہا۔

ملاقاتوں کے بعد حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد رات دس بجکر چالیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

7 جون 2005ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر چار بجکر دس منٹ پر رہائش گاہ کے عقبی لان میں مارکی میں پڑھائی۔

پروگرام کے مطابق جماعت احمدیہ کینیڈا نے 7 اور 8 جون کے دن بعض مقامات کی سیر کے لئے مخصوص کئے تھے۔ اور صوبہ برٹش کولمبیا کے صدر مقام وکٹوریہ (Victoria) جانے کا پروگرام تھا۔

صبح پونے نو بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ دعا کے بعد فیری ٹرمینل Tsawwassen کے لئے روانگی ہوئی۔ جہاں سے وکٹوریہ جانے کے لئے فیری (Ferry) ملتی ہے۔

نو بجکر بیس منٹ پر حضور انور فیری ٹرمینل پہنچے اور کچھ دیر بعد برٹش کولمبیا فیری (بحری جہاز) میں سوار ہوئے۔ یہ فیری اپنے وقت کے مطابق دس بجے وینکوور آئی لینڈ کی بندرگاہ Swartz Bay کے لئے روانہ ہوئی۔ یہ سارا سفر نہایت ہی خوبصورت اور دل لبھانے والے مناظر پر مشتمل ہے۔ بحر الکاہل کا یہ حصہ بہت ہی خوبصورت اور سرسبز جزائر پر مشتمل ہے اور پھر یہ جزائر سرسبز شاداب پہاڑوں کو اٹھائے ہوئے ہیں۔ ان جزائر میں جگہ جگہ آبادیاں نظر آتی ہیں۔ جب فیری (Ferry) ان جزائر اور سرسبز پہاڑوں کے دامن میں چلتی ہوئی گزرتی ہے تو ہر قدم پر نیا منظر سامنے آتا ہے۔ دائیں، بائیں اور آگے پیچھے ہر طرف جزائر کا ایک سلسلہ نظر آتا ہے۔ فیری ان جزائر کے درمیان گھومتی ہوئی اور راستے بدلتی ہوئی گزرتی ہے تو ہر آنے والا نظارہ پہلے سے زیادہ خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔

حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا فیری کے اوپر والے حصہ میں تشریف لے گئے اور کھلی فضا میں ان حسین قدرتی مناظر کو دیکھا جو اس کائنات کے خالق کی یاد دلاتے ہیں اور انسان اللہ تعالیٰ کی حمد میں ڈوب جاتا ہے۔ قریباً ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد گیارہ بجکر 35 منٹ پر یہ بحری جہاز وینکوور آئی لینڈ کے Swartz Bay ٹرمینل (بندرگاہ) تک پہنچا۔ یہاں سے وکٹوریہ شہر کا فاصلہ 30 کلومیٹر ہے۔

Vancouver Island کینیڈا کے تیسرے بڑے شہر Vancouver کے مغرب میں بحر الکاہل میں واقع ایک بہت بڑا جزیرہ ہے اسی جزیرہ کے جنوبی کونے میں Victoria شہر آباد ہے جو صوبہ برٹش کولمبیا کا صدر مقام ہے۔ Swartz Bay بندرگاہ سے وکٹوریہ شہر کی طرف روانگی ہوئی اور سوا بارہ بجے وکٹوریہ شہر آمد ہوئی۔ یہاں حضور انور اور وفد کے ممبران کی رہائش کا انتظام Fairmont Empress نامی ہوٹل میں کیا گیا تھا۔ یہ ہوٹل وکٹوریہ شہر کی اندرونی بندرگاہ میں مرکزی جگہ پر ایک خوبصورت عمارت ہے۔ حضور انور اپنی اس رہائش گاہ میں تشریف لے گئے۔ ہوٹل میں ہی ایک ہال حاصل کرکے نمازوں کے لئے مخصوص کیا گیا تھا۔ ڈیڑھ بجے حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

(باقی صفحہ 12 پر)

کفالت یتامیٰ کی مبارک تحریک

جو دوست یتامیٰ کی خبر گیری اور کفالت کے خواہشمند ہوں ایسے احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنی خواہش اور مالی وسعت کے لحاظ سے جو رقم بھی ماہوار مقرر کرنا چاہیں اس کی اطلاع دفتر کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ کو دے کر اپنی رقوم "امانت کفالت یکصد یتامیٰ" صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں براہ راست یا مقامی انتظام کی وساطت سے جمع کروانا شروع کر دیں۔ ایک یتیم بچے کی کفالت کا اندازہ خرچ 500 روپے سے 1500 روپے ماہوار ہے۔ اس وقت بفضل تعالیٰ 1400 بچے یتامیٰ کمیٹی کی زیر کفالت ہیں۔

(سیکرٹری کمیٹی یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

دارالصناعۃ میں داخلہ

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 6/1 فیکٹری ایریا ربوہ میں مندرجہ ذیل شعبوں کیلئے داخلے جاری ہیں (1) آٹو الیکٹریشن (2) آٹو مکینک (3) جنرل الیکٹریشن (4) ووڈ ورکس (5) ریفریجریشن وائر کنڈیشننگ (6) پلمبنگ

داخلہ فارم دفتر سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ جن کے ساتھ دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر، فوٹو کاپی برائے شناختی کارڈ، فوٹو کاپی برائے تعلیمی سرٹیفکیٹ لگا کر صدر حلقہ کی تصدیق کے ساتھ 25 جون تک جمع کروا دیں۔ نئی کلاسز کا اجراء یکم جولائی 2005ء سے ہوگا۔

برائے رابطہ فون: 04524-214578
04524-215544

(ڈائریکٹر دارالصناعۃ)

مجھ کو نمونہ کر دیں

اے خدا دل کو مرے مزرعِ تقویٰ کر دیں
ہوں اگر بد بھی تو تو بھی مجھے اچھا کر دیں

میری آنکھیں نہ ہٹیں آپ کے چہرہ سے کبھی
دل کو وارفتہ کریں محوِ تماشا کر دیں

دانۂ سبحہ پراگندہ ہیں چاروں جانب
ہاتھ پر میرے انہیں آپ اکٹھا کر دیں

ساری دنیا کے پیاسوں کو کروں مَیں سیراب
چشمۂ شور بھی ہوں گر مجھے میٹھا کر دیں

مَیں بھی اُس سیّد بطحا کا غلامِ در ہوں
دَم سے روشن مرے بھی وادیٔ بطحا کر دیں

ٹیڑھے رستہ پہ چلے جاتے ہیں تیرے بندے
پھیر لائیں انہیں اور راہ کو سیدھا کر دیں

احمدی لوگ ہیں دنیا کی نگاہوں میں ذلیل
اُن کی عزت کو بڑھائیں اُنہیں اونچا کر دیں

میرے قدموں پہ کھڑے ہوکے تجھے دیکھیں لوگ
ربِّ ابرام مجھے اس کا مصلّےٰ کر دیں

لوگ بیتاب ہیں بے حد کہ نمونہ دیکھیں
سالکِ رہ کے لئے مجھ کو نمونہ کر دیں

مقصدِ خلق بر آئے گا یہی تو ہوگا
اندھی دنیا کو اگر فضل سے بینا کر دیں

ظلمتیں آپ کو سجتی نہیں میرے پیارے
پردے سب چاک کریں چہرہ کو ننگا کر دیں

اپنے ہاتھوں سے ہوئی ہے مری صحت برباد
میری بیماری کا اب آپ مداوا کر دیں

بار آور ہو جو ایسا کہ جہاں بھر کھائے
دل میں میرے وہ شجر خیر کا پیدا کر دیں

مَیں تہی دست ہوں رکھتا نہیں کچھ راسِ عمل
جو نہیں پاس مرے آپ مہیّا کر دیں

کلام محمود

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

☆مکرم فضل الدین صاحب کراچی تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم رحمان احمد صاحب کا نکاح ہمراہ محترمہ شبانہ کوثر صاحبہ بنت مکرم محمد خلیل صاحب جرمنی مبلغ بیس ہزار روپیہ حق مہر پر مکرم امین احمد تنویر صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 20 مئی 2005ء کو احمدیہ ہال کراچی میں پڑھا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کے لئے مبارک ہو۔ آمین

جلسہ یوم خلافت

☆مکرم انس احمد مبشر صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد جماعت جہلم تحریر کرتے ہیں کہ جماعت احمدیہ جہلم شہر نے 27 مئی 2005ء کو یوم خلافت کے سلسلہ میں ایک پروگرام زیر صدارت مرزا خورشید عاقل صاحب صدر جماعت احمدیہ جہلم منعقد کیا۔ جس میں تلاوت و نظم کے بعد تین تقاریر ہوئیں۔ آخر میں صدر مجلس نے اختتامی کلمات کے بعد دعا کروائی۔ اس طرح یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ خدا تعالیٰ ہمیں خلافت سے وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

احمدی کا اعزاز

مکرم ڈاکٹر عبدالباری ملک صاحب (جسٹس آف پیس) صدر جماعت بریڈفورڈ (یو۔کے) شہر کی خدمات کے اعتراف میں بریڈفورڈ یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر آف لاء کی اعزازی ڈگری دی گئی ہے۔ یہ ڈگری یکم دسمبر 2004ء کو ایک پروقار تقریب میں پیش کی گئی۔ اس میں یونیورسٹی کے طلباء کے علاوہ شہر کی تمام سرکردہ شخصیات شامل ہوئیں۔

17/اپریل 2005ء کو بریڈفورڈ کونسل نے ڈاکٹر عبدالباری ملک کو بریڈفورڈ شہر کی مختلف کمیونٹیوں کے درمیان رواداری اور ہم آہنگی کی فضاء قائم کرنے کیلئے مسلسل اور انتھک کوششوں کے اعتراف میں خصوصی ایوارڈ (Community Harmony Award) پیش کیا۔ یہ ایوارڈ سٹی ہال بریڈفورڈ میں لارڈ میئر کونسلر آئرین ایلیسن ووڈ نے پیش کیا۔ اس تقریب میں شہر کی کونسل کے سرکردہ افسران، مقامی اخبار کے ایڈیٹر اور دوسرے سرکردہ افراد اور معززین نے بھی شمولیت فرمائی۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس اعزاز کو ہر طرح سے بابرکت بنائے اور اس کو احمدیت کی نیک نامی اور شہر میں احمدیت کی ترقی کا پیش خیمہ بنادے۔ آمین

درخواست دعا

☆مکرم معین الدین صاحب کارکن الفضل ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ عزیزم محمد نعیم احمد (واقف نو) ابن مکرم محمد صادق بھٹی صاحب دارالعلوم شرقی حلقہ نور ربوہ کے سر میں ٹیومر کا کامیاب آپریشن 26 مئی 2005ء کو ملٹری ہسپتال راولپنڈی میں ہوا ہے۔ ابھی مزید علاج کا سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ محض اپنے فضل سے عزیزم کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ نیز آپریشن کے بعد کی ہر قسم کی پیچیدگیوں اور پریشانیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

تقریب شادی

☆مکرم ملک محمود احمد صاحب اسلام آباد تحریر کرتے ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ سائرہ محمود صاحبہ کی شادی مکرم سلیمان احمد خان صاحب ابن مکرم شمیم احمد خان صاحب لندن کے ساتھ 19 دسمبر 2004ء کو پرل کانٹیننٹل ہوٹل راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ مکرم ظفر اقبال قریشی صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد نے دعا کروائی۔ ولیمہ 20 دسمبر 2004ء کو اسی ہوٹل میں کیا گیا۔ دولہن مکرم عبدالجلیل عشرت صاحب مرحوم لاہور کی پوتی اور مکرم شمس الحق خان صاحب مرحوم کوئٹہ کی نواسی ہے اور دولہا مکرم رشید احمد خان صاحب ابن مکرم بابو محمد اقبال خان صاحب گوجرانوالہ کا پوتا ہے۔ اس نکاح کا اعلان مکرم عطاء المجیب صاحب راشد امام بیت الفضل لندن نے 5/اکتوبر 2003ء کو 5000 پاؤنڈ حق مہر پر بیت الفضل لندن میں پڑھایا اور دعا کروائی۔ تقریب نکاح میں ازراہ شفقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بھی تشریف فرما تھے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کے لئے بہت بابرکت کرے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

اعلان داخلہ

پاکستان نیوی ایجوکیشن برانچ میں بطور شارٹ سروس کمیشنڈ آفیسر شمولیت اختیار کریں اس سلسلہ میں رجسٹریشن مورخہ 6 جون سے 15 جولائی 2005ء تک پاکستان نیوی ریکروٹمنٹ اینڈ سلیکشن سنٹر پر تشریف لا کر کروائیں اس کیلئے داخلہ ٹیسٹ مورخہ 17 جولائی 2005ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 5 جون 2005ء ملاحظہ کریں۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

مشرقی افریقہ میں دعوت الی اللہ کی تاریخ

یہاں حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے ذریعہ احمدیت پہنچی اور مولانا شیخ مبارک احمد صاحب پہلے مربی تھے

محمد شفیق قیصر صاحب

مشرقی افریقہ میں کینیا، یوگنڈا، تنزانیہ، نیاسالینڈ (ملاوی) اور موزمبیق شامل ہیں۔ اسی طرح صومالیہ بھی براعظم افریقہ کے مشرقی ساحل پر واقع ہے۔ اسی طرح روانڈا، برونڈی بھی کسی وقت ٹانگانیکا کے ساتھ مل کر جرمن ایسٹ افریقہ سے موسوم تھے۔

نیاسالینڈ جسے آج کل ملاوی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، کینیا، یوگنڈا اور موجودہ تنزانیہ (جو پہلے ٹانگانیکا اور زنجبار تھے) کے ساتھ مل کر برٹش ایسٹ افریقہ کہلاتے تھے۔ ٹانگانیکا اور زنجبار کا اپریل 1964ء میں الحاق ہوگیا اور دونوں مل کر جمہوریہ تنزانیہ کے نام سے موسوم ہیں۔

مشرقی افریقہ کے ممالک کینیا، یوگنڈا، تنزانیہ میں ایشین کے علاوہ عرب مہاجرین بھی آباد تھے مگر افریقن ممالک کی آزادی کے بعد اب صورت حال بہت حد تک بدل چکی ہے۔ ایشین اور دیگر باشندوں کی آبادی اب برائے نام ہے۔

مشرقی افریقہ کا بڑا حصہ خط استوا پر واقع ہے اس وجہ سے اس علاقہ میں بھی مسلسل رطوبت اور بارشوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ خط استوا پر ہونے کے باوجود موسم نہایت خوش گوار ہے۔

تنزانیہ کا ساحل بحری تجارت کے لئے زیادہ موزوں ہے کیونکہ وہاں متعدد کھاڑیاں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عربوں کی توجہ اس طرف زیادہ رہی اور یہیں سے وہ یوگنڈا، ملاوی اور کانگو میں داخل ہوئے۔

اس خطہ میں بعض علاقے کافی بلندی پر واقع ہیں۔ چنانچہ کینیا، یوگنڈا اور تنزانیہ میں کافی اونچے اونچے پہاڑ موجود ہیں۔ جن میں سے بعض پہاڑی چوٹیوں کی بلندی 19 ہزار فٹ تک ہے۔

اسلام کی اشاعت اور افریقہ پر مسلمانوں کے اقتدار سے پہلے بلکہ حضرت عیسیٰؑ کی بعثت سے بھی پہلے افریقہ کے بڑے حصہ میں شرک وبت پرستی عام تھی۔ البتہ شمالی اور مشرقی افریقہ کے ایک محدود حصے میں یہودیت پھیل چکی تھی۔ عیسائیت اور اسلام کی اشاعت کے بعد گو افریقہ کے شمال اور مشرقی علاقوں میں یہودیوں کا مذہبی اثر کم ہوگیا۔ لیکن پورے طور پر ختم نہیں ہوا۔ آج بھی افریقہ میں یہودی آباد ہیں اور غالباً یہی وجہ ہے کہ پچھلی صدی کے آخر میں جب صیہونیت کی تحریک نے جنم لیا تو ابتداءً یہ تجویز کی گئی کہ کینیا کو یہودیوں کا وطن قرار دیا جائے۔

حبشہ میں اسلام

براعظم افریقہ کے ملک حبشہ میں (جو مشرقی افریقہ کے شمال میں ہے) عہد نبویؐ میں ہی اسلام کا پیغام پہنچ چکا تھا۔ چنانچہ جب کفار مکہ نے مسلمانوں کو ہر قسم کے ظلم وستم کا نشانہ بنانا شروع کیا اور ان کا یہ ظلم وستم اپنی انتہا کو پہنچ گیا تو آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو ارشاد فرمایا کہ:-

جن کے لئے ممکن ہو وہ حبشہ میں ہجرت کر جائیں۔ وہاں کا بادشاہ عادل اور انصاف پسند ہے۔ اس کی حکومت میں کسی پر ظلم نہیں ہوتا۔ وہ سرزمین انشاء اللہ تمہارے لئے امن اور راحت کا موجب ہوگی۔

چنانچہ آنحضرتؐ کے ارشاد پر نبوت کے پانچویں سال گیارہ مردوں اور چار عورتوں کا ایک مختصر سا قافلہ سمندر کے راستہ حبشہ میں داخل ہوا اور حبشہ کے عیسائی بادشاہ اصحمہ نے ان مہاجرین کا خیر مقدم کیا۔

ابھی ان لوگوں کو گئے تین ہفتے ہی ہوئے تھے کہ یہ خبر مشہور ہوگئی کہ اہل مکہ اسلام لے آئے ہیں۔ یہ خبر سن کر مہاجرین حبشہ بھی واپس مکہ لوٹ آئے مگر وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ خبر غلط تھی۔ چنانچہ ان لوگوں نے اپنے عزیزوں اور دوستوں کی پناہ میں دوبارہ مکہ میں رہنا شروع کر دیا۔ لیکن کفار مکہ کے مظالم میں کوئی کمی نہ آئی تو مسلمان دوسری مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت پر مجبور ہوگئے۔ اس مرتبہ ہجرت کرنے والوں میں 83 مرد اور بارہ عورتیں شامل تھیں۔ یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ تشریف لے جانے تک حبشہ ہی میں مقیم رہے۔ اور امن وچین سے زندگی بسر کرتے رہے۔ قریش نے بے حد کوشش کی کہ کسی طرح نجاشی شاہ حبشہ پر زور ڈال کر انہیں واپس مکہ بلایا جائے۔ اس غرض کے لئے انہوں نے اپنا ایک سفارتی وفد بھی حبشہ بھیجا لیکن نجاشی نے ان کی عرضداشت کو نامنظور کرتے ہوئے مسلمانوں کو ان کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا اور قریش کے وفد کو بڑی امیدوں کے ساتھ حبشہ گیا تھا ناکام واپس آنا پڑا۔

اس موقعہ پر مسلمانوں کو بادشاہ کے دربار میں پیغام حق پہنچانے کا بھی موقع ملا۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے سورۃ مریم کی ابتدائی آیات جن میں عیسائیت کا رد ہے شاہی دربار میں پڑھ کر سنائیں۔ جنہیں سن کر بادشاہ اور اس کے درباری بہت متاثر ہوئے اور بادشاہ نے کہا خدا کی قسم یہ کلام اور جو کلام موسیٰ لے کر آئے تھے ایک ہی نور سے نکلے ہیں۔

تبلیغی خط

ہجرت مدینہ کے بعد جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امراء وسلاطین کو تبلیغی خطوط روانہ فرمائے تو اس موقع پر حضور نے شاہ حبشہ کے نام بھی خط لکھا جس کے جواب میں اس نے لکھا کہ:

ہم نے آپ کی دعوت حق کو سمجھ لیا ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کے سچے رسول ہیں جن کے متعلق پہلے صحائف میں بھی خبر دی گئی ہے۔

بہرحال اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عربوں اور اہل حبشہ کے تعلقات زمانہ قبل از اسلام سے قائم تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان تعلقات کا علم تھا۔ تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ ایک ہزار سال قبل مسیح سے بھی پہلے تجارتی اغراض کے مدنظر مشرقی افریقہ کے ساحل پر عربوں کی آمد ورفت کا سلسلہ جاری تھا لیکن خلافت راشدہ کے زمانہ کے بعد جب مسلمانوں میں آپس کے اختلافات بہت بڑھنے لگے اور مختلف مکاتب فکر آپس میں برسرپیکار رہنے لگے تو اس وقت بعض مظلوم اور ستم رسیدہ گروہ پرامن مقامات کی تلاش میں نکلے اور یہی وہ زمانہ ہے جب عربوں نے مشرقی افریقہ کے ساحل پر آباد ہونا شروع کر دیا۔ یہ ساتویں صدی عیسوی کا زمانہ ہے اور دو سو سال کے اندر مشرقی افریقہ کے ساحل پر عربوں کی چھوٹی چھوٹی بستیاں بھی نظر آنے لگیں۔

سواحیلی

عربوں نے افریقن قبائل میں شادیاں کیں اور ان کی اولاد سواحیلی کہلانے لگی یعنی ساحل سمندر کے لوگ۔ اس طرح ایک نئی زبان بھی معرض وجود میں آئی جو اسی مناسبت سے سواحیلی کہلائی جو عربی سے بھی فیض یافتہ اور اس کے علمی الفاظ اور اصطلاحات سے مالامال ہے۔ اس کا رسم الخط بھی ابتداء میں عربی تھا مگر جب انگریزوں نے اس علاقہ کو اپنے زیرنگیں کیا تو اس کا رسم الخط بھی انگریزی کر دیا گیا۔

المسعودی 947ء۔ الادریسی 1154ء کی تحریرات کے مطابق مشرقی افریقہ کے ساحل اور زنجبار میں اس زمانہ میں اسلام پھیل چکا تھا۔ ابن ادریس کے سو سال بعد ابن سعید نے لکھا ہے کہ:

مشرقی افریقہ کے ممالک

اس زمانہ میں اسلام ان علاقوں میں نہ صرف یہ کہ مستحکم ہو چکا تھا بلکہ یہاں خالص اسلامی ریاستیں قائم تھیں جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

Magdishu۔ ادریسی نے اس ریاست کا ذکر نہیں کیا تاہم اس کے زمانہ میں یہ ریاست بھی کافی حد تک مستحکم تھی۔

ابن سعید نے اس کا خصوصی ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس زمانہ میں اس ریاست کا نام سیاحوں کی زبان پر عام تھا۔ یہاں مختلف مسلم قبائل آباد تھے اگرچہ ان کا ایک حکمران نہیں تھا تاہم ہر قبیلہ کا ایک عالم تھا جسے شیخ کہتے تھے اور سب اس کا حکم مانتے تھے۔

کلوا (Kilwa) یہاں کے باشندے حضرت زید کے متبعین کہلاتے ہیں۔ (حضرت زید ابن علی بن حسن مراد ہیں) 16ویں صدی عیسوی تک یہ سب سے اہم ریاست تھی۔ ابن بطوطہ نے بھی اپنے سفرنامہ میں اس کا تذکرہ احسن رنگ میں کیا ہے۔

Lamu لامو۔ Malinadi، ممباسہ Marka مرکا۔ ابن سعید کے مطابق یہ ریاست 50 دیہات سے زیادہ پر مشتمل تھی۔ ان کے علاوہ Barawa اور Mafia کی ریاستیں بھی تھیں۔

سترھویں عیسوی صدی تک مشرقی افریقہ کے ساحل پر پرتگالیوں اور عربوں کے درمیان کش مکش جاری رہی اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے موزمبیق کے علاوہ کینیا اور یوگنڈا کے بعض ساحلی شہر نکل چکے تھے۔ جن میں کلوا کی ریاست بھی شامل تھی اور اسلام کی تبلیغ کو سخت دھکا پہنچا۔ 1700ء میں عمان کے سلطان نے ممباسہ اور زنجبار پر قبضہ کر لیا اور 1750ء میں کلوا کو بھی پرتگالیوں سے آزاد کروالیا۔

اس دوران عمان کے سلطان نے یہاں اپنا ایک نائب سید سعید مقرر کیا۔ اس نے مشرقی افریقہ کی ساحلی بستیوں پر قبضہ کیا اور خود ممباسہ تک آیا۔ زنجبار میں اپنا محل بنوایا۔

اب تک عربوں کی جولانگاہ صرف مشرقی افریقہ کے ساحلی علاقوں تک ہی تھی۔ مگر اس زمانے میں اندرونی علاقوں میں بھی انہوں نے زنجبار کے راستے آنا جانا شروع کر دیا۔

چنانچہ جھیل ٹانگانیکا کی بندرگاہ Ujiji (جو اس زمانہ میں وسطی مشرقی افریقہ کا اہم اسلامی مرکز تھا) میں عربوں نے آنا جانا شروع کر دیا اور 1860ء میں یہاں چند گھرانے مستقل طور پر آباد ہو گئے۔

مشرقی افریقہ پر تقریباً چھ سو سال تک مسلمانوں کا اقتدار رہا لیکن اس تمام عرصہ میں تبلیغ اسلام کی کوئی منظم جدوجہد نظر نہیں آتی۔ اگر اس زمانہ میں منظم رنگ میں تبلیغ اسلام کا کام کیا جاتا تو آج پورا مشرقی افریقہ اسلام کی آغوش میں ہوتا۔

عیسائی مشن کی بنیاد

1844ء میں عیسائی پادریوں نے اپنے پر پرزے نکالنے شروع کر دیئے اور پہلی مرتبہ اس سال ممباسہ میں عیسائی مشن کی بنیاد ڈالی گئی اور آہستہ آہستہ انہوں نے تمام مشرقی افریقہ میں اپنے مشنوں کا جال بچھانا شروع کر دیا۔

یوگنڈا میں بھی اسلام عربوں کے ذریعہ پھیلا۔ یہاں پہلی مرتبہ 1844ء میں عربوں کی آمد و رفت شروع ہوئی احمد بن ابراہیم العمری وہ پہلا عرب ہے جو اپنی تجارتی مہمات کے سلسلہ میں مشرقی علاقوں کے ناقابل عبور جنگلات کو طے کرتا ہوا اس علاقہ میں پہنچا۔

اسلام کی ابتداء

1848ء میں یوگنڈا کی اہم ریاست یوگنڈا پر شاہ سونا حکمران تھا۔ ایک دن شاہ سونا کے دربار میں احمد بن ابراہیم کی بھی رسائی ہوئی۔ اس دن بادشاہ کسی وجہ سے سخت غصہ میں تھا اور شدت غضب میں اس نے اپنی رعایا کے بہت سارے افراد کو موت کے گھاٹ اتارنے کا حکم دیا۔ احمد بن ابراہیم جو اس علاقہ میں مسافرانہ حالت میں وارد ہوا تھا اس ظالمانہ حکم کو برداشت نہ کر سکا۔ چنانچہ ارشاد نبویؐ نے انہیں بادشاہ کے روبرو کھڑا ہونے کی جرأت بخشی۔ اس نے بادشاہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:

اے بادشاہ! آپ کو اور آپ کی ساری رعایا کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور اسی کی ذات والاصفات نے آپ کو یہ سلطنت عطا فرمائی ہے آپ اپنے اس فیصلہ پر نظر ثانی کریں کیونکہ مخلوق خدا کو بلاوجہ قتل کرنا اس کے خالق کی نظروں میں بہت بڑا جرم ہے۔

یوگنڈا کی تاریخ میں یہ پہلا موقعہ تھا کہ کوئی انسان بادشاہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ایسے الفاظ منہ سے نکالنے کی جرأت کرے۔ تمام دربار میں سناٹا چھا گیا اور تمام درباری یہ توقع کرنے لگے کہ اب احمد بن ابراہیم بھی بدنصیب مظلومین کی صف میں شامل کر دیا جائے گا اور چند لمحوں میں اس کا سر خاک میں تڑپتا ہوا نظر آئے گا۔ لیکن انہیں کیا علم تھا کہ یوگنڈا کا مطلق العنان حاکم محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے ادنیٰ ترین خادم احمد بن ابراہیم کی تبلیغ و جرأت کا شکار ہو چکا ہے۔

بادشاہ نے تھوڑا سا توقف کیا اس اثناء میں اس کا تمام غصہ زائل ہو چکا تھا۔ اس نے حیرت زدہ نگاہوں سے احمد کی طرف دیکھا اور بولا۔

''احمد! مجھے اپنے دین کے متعلق کچھ مزید بتاؤ''

احمد نے اس موقعہ سے فائدہ اٹھایا اور بادشاہ کے سامنے اسلام کی حقیقت بیان کی اور یہ سلسلہ کئی روز تک جاری رہا۔ اس طرح شاہ سونا کے زمانہ میں اس ملک میں اسلام کی ابتداء ہوئی۔

احمد بن ابراہیم کوئی باضابطہ مبلغ تو نہیں تھا وہ تو ایک تاجر تھا۔ کچھ عرصہ بعد اپنے وطن لوٹ گیا۔ بعد میں شاہ سونا کا انتقال ہو گیا اور حکومت کی باگ ڈور مٹیا اول کے ہاتھوں میں آ گئی۔ جس کے عہد میں بھی مسلمان عرب تاجروں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا اور جس کے نتیجہ میں چند سو باشندوں نے اسلام قبول کر لیا۔ بادشاہ نے سواحیلی زبان سیکھی اور تمام باشندوں کو حکم دیا کہ وہ السلام علیکم کو رواج دیں۔ مساجد بھی تعمیر ہوئیں۔

مٹیا کے زمانہ میں شاہی محل میں مقیم بعض مسلمانوں نے اس بناء پر ذبیحہ کھانے سے انکار کر دیا کہ وہ صحیح اسلامی طریق کے مطابق نہیں تھا۔ شاہ مٹیا کے علم میں یہ بات آئی تو اس کے غیظ و غضب کی انتہا نہ رہی اور اس نے ان تمام بے گناہوں کو گرفتار کر کے زندہ جلانے کا حکم دے دیا اور خود بھی اسلام سے منحرف ہو گیا۔ چند لوگوں نے ملک چھوڑ کر جان بچائی۔ بعض قریبی ریاستوں میں روپوش ہو گئے لیکن ساٹھ ستر اشخاص ایسے تھے جن کی قسمت میں شہادت لکھی تھی۔ چنانچہ 1885/86ء میں کمپالہ سے چھ سات میل کے فاصلہ پر ان سب کو زندہ آگ میں جلا دیا گیا۔ اور اس طرح یوگنڈا میں افریقن مسلمانوں نے آگ میں جل کر اسلام کی اشاعت کا راستہ کھول دیا۔

مشرقی افریقہ میں احمدیت

1895ء میں برطانوی عہد حکومت میں یوگنڈا ریلوے کا عظیم منصوبہ شروع ہوا۔ یہ اتنا بڑا منصوبہ تھا کہ اس کی تکمیل کے لئے برطانوی حکومت نے ہندو پاکستان سے ماہرین اور مختلف پیشہ وروں کو ہزارہا کی تعداد میں مشرقی افریقہ میں بلایا۔ ان میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے بعض جلیل القدر رفقاء بھی تھے۔ جو اس غرض کے لئے یہاں پہنچے۔ چنانچہ حضرت منشی محمد افضل ایڈیٹر اخبار البدر اور حضرت میاں عبداللہ 1896ء میں یوگنڈا ریلوے میں بھرتی ہو کر مشرقی افریقہ پہنچے۔ اسی سال حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل، شیخ محمد بخش، شیخ نور احمد جالندھری اور حضرت مسیح موعود کے خادم خاص حضرت شیخ حامد علی ساکن تھہ غلام نبی بھی یہاں پہنچے۔ بعض رفقاء کو آب و ہوا موافق نہ آئی اور وہ واپس چلے گئے۔

حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل گوڑیانوی فوج میں ملازم تھے۔ آپ نے اپنے حلقہ میں دعوت الی اللہ کا کام شروع کر دیا اور آپ کے ذریعہ کئی خوش نصیبوں کو قبول حق کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ کو ممباسہ کے مضافات کے علاوہ مشرقی افریقہ کی دوسری بندرگاہوں پر بھی جانے کا موقعہ ملا اور آپ نے ہر جگہ دعوت الی اللہ کی۔ حضرت ڈاکٹر محمد اسمٰعیل تین سال بعد واپس آ گئے۔ آپ کے بعد حضرت منشی محمد افضل اور حضرت شیخ نور احمد ہر قسم کی مخالفت کے باوجود اشاعت احمدیت میں مصروف رہے۔ آپ کے ذریعہ جن لوگوں کو قبول حق کی سعادت نصیب ہوئی ان میں سب سے ممتاز فرد حضرت ڈاکٹر رحمت علی آف رنمل گجرات تھے۔ جنہوں نے قبول حق کے بعد اپنے اندر مثالی تبدیلی پیدا کی اور اپنے نیک نمونہ سے اپنے حقیقی بھائی حضرت حافظ روشن علی کو بھی سلسلہ احمدیہ سے منسلک کر دیا۔

خلافت ثانیہ کے ابتداء میں بھی ہندوپاکستان کے مختلف علاقوں سے احمدیوں کی کافی تعداد مشرقی افریقہ پہنچی اور ان میں سے اکثر نے اپنے اپنے رنگ میں دعوت الی اللہ کا کام کیا۔ اسی زمانہ میں یہاں احمدیت کی مخالفت ہونے لگی جماعت کے خلاف کثرت سے اشتہارات شائع ہونے لگے۔ اس عرصہ میں محترم قاضی عبدالسلام بھٹی نے گراں قدر خدمات اس خطہ میں سرانجام دیں آپ 1927ء میں یہاں تشریف لائے۔ آپ نے کثرت کے ساتھ اشتہارات شائع کئے اور پھر باقاعدہ ایک پریس کا قیام بھی آپ کے ذریعہ عمل میں آیا۔

ایسٹ افریقن ٹائمز کے ایڈیٹر کے طور پر بھی آپ کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

1934ء میں انجمن حمایت اسلام نیروبی نے فیصلہ کیا کہ احمدیوں کی دینی کوششوں کے مقابلہ کے لئے کوئی عالم منگوایا جائے۔ چنانچہ اخبار زمیندار کے ایڈیٹر مولانا ظفر علی خاں کی سفارش پر لال حسین اختر مشرقی افریقہ پہنچے۔ اس پر جماعت نیروبی نے بھی یہی مناسب سمجھا کہ مرکز سے درخواست کی جائے کہ یہاں عارضی طور پر کسی مربی کو بھجوایا جائے۔ جب یہ معاملہ حضرت مصلح موعود کی خدمت میں پیش ہوا تو حضور نے محترم شیخ مبارک احمد صاحب کو مشرقی افریقہ کیلئے منتخب فرمایا۔ آپ نومبر 1934ء میں مشرقی افریقہ پہنچے۔ آپ نے یہاں آتے ہی احمدی جماعتوں کو منظم کرنا شروع کیا۔

1935ء میں آپ نے لال حسین اختر سے مختلف موضوعات پر کامیاب مناظرہ کیا جو مباحثہ نیروبی کے نام سے شائع شدہ ہے۔ آپ کی شاندار کامیابی معاندین کی آنکھوں میں بری طرح کھٹکنے لگی وہ ہر دم آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے رہتے تھے۔ آپ پر حملہ کیا گیا۔ جس سے آپ زخمی بھی ہوئے اور جب یہ حربہ بھی ناکام رہا تو انہوں نے سوشل بائیکاٹ کا حربہ چلایا مگر خداتعالیٰ کے فضل سے یہ حربہ بھی ناکام رہا اور جو اس کے سرغنہ تھے انہیں خداتعالیٰ نے قبول حق کی سعادت عطا فرمائی۔

محترم شیخ صاحب نے حضرت مصلح موعود کی ہدایات کی روشنی میں منظم رنگ میں مقامی باشندوں میں دعوت الی اللہ کا کام شروع کر دیا۔ اس سے پہلے اس طرف جماعت کے دوستوں کو توجہ نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے کام میں بہت برکت دی اور دیکھتے ہی دیکھتے تمام مشرقی افریقہ میں مقامی لوگوں کی جماعتیں بھی قائم ہو گئیں اور بعض باثر اور نامور شخصیتیں احمدیت میں داخل ہوئیں۔

1936ء میں آپ نے سواحیلی اخبار ''مپنزی یا منگو'' جاری فرمایا جو آج تک شائع ہوتا ہے اور دعوت الی اللہ کا ایک موثر ذریعہ ہے۔ افریقن مومنوں نے اس رسالہ کی خوب آؤ بھگت کی اور بعض نے یہاں تک کہا کہ:

''اس رسالہ کے ذریعہ ہم اندھیرے سے نکل کر نور میں آ گئے ہیں اور عیسائی پادریوں کی باتوں کا جواب دینا ہمارے لئے آسان ہو گیا ہے''

عیسائی پادریوں نے اس رسالہ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر یہ اعلان کرنا شروع کر دیا کہ جس کے ہاتھ میں احمدیہ مشن کا یہ رسالہ آئے اسے فوراً جلا دیا جائے اور رومن کیتھولک کو اس کا پڑھنا حکماً بند کیا جاتا ہے۔ عیسائی اخبارات کے ایڈیٹروں نے شیخ صاحب کو دھمکیاں دینی شروع کر دیں مگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ شیخ صاحب موصوف کا کچھ نہ بگاڑ سکے اور اللہ تعالیٰ آپ کے کام میں برکت دیتا چلا گیا۔

شیخ صاحب کی دوررس نگاہوں نے یہ بھانپ لیا کہ احمدیہ سکولوں کا قیام اس ملک میں بہت ضروری ہے آپ نے اس طرف بھی توجہ فرمائی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے مخالفتوں اور مشکلات کے باوجود 1937ء میں ٹبورا احمدیہ سکول کا قیام عمل میں آیا۔

دعوت الی اللہ کا ایک موثر ذریعہ مختلف سکولوں میں دین حق پر تقاریر ہے۔ شیخ صاحب نے اس طرف بھی خصوصی توجہ دی۔ آپ نے اس ذریعہ سے خصوصی فائدہ اٹھایا۔ لٹریچر کی تیاری کی طرف بھی آپ نے خصوصی توجہ دی اور سب سے پہلے سواحیلی ترجمہ قرآن کی طرف توجہ فرمائی اور سترہ سال کی محنت شاقہ کے بعد 1952ء میں پہلی مرتبہ کسی دینی جماعت نے سواحیلی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ شائع کیا۔ اس کے علاوہ بہت سا قیمتی لٹریچر شائع کیا گیا۔ بیوت الذکر کی تعمیر کی گئی۔

شیخ صاحب کے ذریعہ بعض انگریز بھی یہاں احمدیت میں داخل ہوئے جن میں احمد لاسن قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے جماعت میں داخل ہوتے ہی دین حق کے متعلق مضامین کا سلسلہ شروع کر دیا اور متعدد چھوٹے چھوٹے پمفلٹ لکھے جو بہت مقبول ہوئے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ جماعت احمدیہ نے مشرقی افریقہ میں ٹھوس بنیادوں پر کام کیا ہے اور خدا تعالیٰ نے اس چھوٹی سی جماعت کو ایسے ایسے عظیم الشان کام کرنے کی اس خطہ میں توفیق عطا فرمائی جس کی توفیق بڑی بڑی مالدار تنظیموں کو نہ مل سکی۔

مشرقی افریقہ کے احمدیہ مشن کے متعلق غیروں کی آراء میں سے صرف ایک حوالہ اس موقعہ پر پیش کرتا ہوں۔ یہ حوالہ اخبار ''نوائے وقت'' کا ہے ''نوائے وقت'' کے نامہ نگار متعین امریکہ حفیظ ملک لکھتے ہیں:

''حال ہی میں امریکہ کے مشہور و معروف پادری بلی گراہم نے افریقہ کا دورہ کیا۔ گزشتہ ہفتہ انہوں نے صدر آئزن ہاور سے وائٹ ہاؤس میں چالیس منٹ تک تبادلہ خیالات کیا اور صدر آئزن ہاور کو یہ مشورہ دیا کہ وہ نائیجیریا کا دورہ کریں .... انہوں نے رپورٹروں کو بتایا کہ مسلمان مشرقی افریقہ میں جب سات حبشیوں کو مسلمان بناتے ہیں تو عیسائی مشنری کہیں مشکل سے تین کو عیسائی بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔''

پھر آگے چل کر لکھتے ہیں:

''افریقہ میں اگر کوئی پاکستانی مذہبی مشنری کام کر رہی ہے تو وہ جماعت احمدیہ ہے۔ نیروبی میں تو احمدیوں نے ایک بہت بڑا مذہبی (۔) مرکز قائم کر رکھا ہے۔ اخبار بھی شائع کرتا ہے .... بلی گراہم جب اپنے حالیہ دورہ میں نیروبی گئے تو (دین) کی طرف سے اگر کسی جماعت نے انہیں مباحثہ کی دعوت دی تو وہ جماعت احمدیہ تھی''

(نوائے وقت لاہور 2/اپریل 1960ء)

حضرت مصلح موعود نے 1945ء میں فرمایا:

''خدا نے ان افریقن ممالک کو احمدیت کے لئے محفوظ رکھا ہوا ہے اور ...... کی ترقی کے ساتھ ان کا نہایت گہرا تعلق ہے۔ ہمارا مستقبل افریقہ کے ساتھ وابستہ ہے افریقن ممالک میں دس پندرہ کروڑ کی آبادی ہے جو انہی حالات میں سے گزر رہی ہے جن میں سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت عرب گزر رہا تھا۔ وہ خشک لکڑیاں ہیں یا سوکھے ہوئے پتوں کے ڈھیر ہیں جو میلوں میل مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ مگر ضرورت ان ہاتھوں کی ہے جو دیا سلائی لیں اور ان خشک لکڑیوں اور پتوں کے ڈھیروں کو جلا کر راکھ کر دیں۔ ایسی راکھ جو دنیا کی نظر میں تو راکھ ہو گی لیکن خدا تعالیٰ کی نظر میں تریاق جو ایسے کیمیاوی مادے اپنے اندر رکھتا ہو گا کہ نہ صرف ان لوگوں کی زندگی کا باعث ہو گا۔ بلکہ ساری دنیا کو زندہ کرنے کا ذریعہ بن جائے گا۔ خدا تعالیٰ نے عین وقت پر مجھے اس طرف توجہ دلائی اور پھر اس نے محض اپنے فضل سے غیر معمولی ترقی کے دروازے اس ملک میں ہمارے لئے کھول دیئے ...... خدا تعالیٰ نے یہ راز مجھ پر کھول دیا کہ یہ وہ ملک ہے جس میں ہمارے لئے غیر معمولی طور پر ترقی کے راستے کھلے ہیں اور جن کو کسی صورت میں بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا .... اگر ہمارے نوجوان جلد جلد اس ملک میں (-) کے لئے نہیں جائیں گے اور قلیل سے قلیل عرصہ میں سارے علاقہ کو فتح کرنے کی کوشش نہیں کریں گے تو ہمارے لئے ترقی کی کوئی صورت باقی نہیں رہے گی۔ خدا نے یہ علاقہ ہمارے لئے ہی رکھا ہے مگر ہو سکتا ہے کہ ڈاکو آئیں اور اس علاقہ کو ہم سے چھین کر لے جائیں .... اگر ہم کچھ بھی کوشش کریں تو چونکہ حق ہمارے ساتھ ہے اس لئے نہ صرف حق کے لحاظ سے ہمیں غلبہ حاصل ہو گا بلکہ افریقن فطرت بھی ہماری تائید کرے گی اور یہ حریف پر ہمیں فضیلت حاصل ہو گی کہ وہ تو صرف طاقت کے زور سے چھیننا چاہے گا۔ مگر ہمیں سچائی کی طاقت حاصل ہو گی اور افریقن فطرت بھی ہماری تائید کرے گی اس لئے وہ قومیں بہر حال ہماری طرف آئیں گی۔ ان کی طرف نہیں جائیں گی۔ ...... پس ہمارے لئے یہ بڑی ہوشیاری اور بیداری کا وقت ہے انتہائی سرعت اور تیزی کے ساتھ کام کرنے کا وقت ہے۔ دنوں اور مہینوں کے اندر اندر ہمیں تمام افریقہ پر چھا جانا چاہئے ...... اور تثلیث کی بجائے خدائے واحد کی بادشاہت اس ملک میں ہمیشہ کے لئے قائم کر دینی چاہئے''

(روزنامہ الفضل 8 فروری 1961ء)

شکر ایک اہم خُلق

جمال الدین شاکر صاحب

اخلاق فاضلہ میں سے ایک اہم خلق شکر ہے۔

قرآن کریم میں سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر 8 میں ہے:

''اور جب تمہارے رب نے اعلان کیا کہ اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں ضرور تمہیں بڑھاؤں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو یقیناً میرا عذاب بہت سخت ہے۔''

اس کے علاوہ بیسیوں آیات میں شکر گزاری کی تعلیم دی گئی ہے۔ سورۃ لقمان آیت نمبر 13 میں ہے: اور یقیناً ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی تھی (یہ کہتے ہوئے) کہ اللہ کا شکر ادا کر اور جو بھی شکر ادا کرے تو وہ محض اپنے نفس کی بھلائی کے لئے ہی شکر ادا کرتا ہے اور جو ناشکری کرے تو یقیناً اللہ غنی ہے (اور) بہت صاحب تعریف ہے۔

حکمت عطا ہونے کا موجب

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سورۃ لقمان کے تعارفی نوٹ میں تحریر فرماتے ہیں ''...... حضرت لقمانؑ کو جو حکمت عطا ہوئی اس کا مرکزی نکتہ ہی شکر الٰہی ہے......'' اور جسے حکمت عطا ہوا سے گویا خیر کثیر عطا کی گئی۔ حکمت کو اللہ تعالیٰ نے خیر کثیر قرار دیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول مقبول ﷺ نے فرمایا کہ ہر اہم امر جو الحمدللہ یعنی خدا کی تعریف کے ساتھ شروع کیا جائے وہ بابرکت ہوتا ہے۔ عبادت اور شکر گزاری کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے نصیب ہوتی ہے۔ اس کے لئے بارگاہ ایزدی میں دعا کرتے رہنا چاہئے تا کہ مقبول عبادت اور شکر کی توفیق ملے۔ اس بارہ میں حضرت معاذؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے معاذ بلا ناغہ ہر نماز کے بعد دعا مانگا کر کہ اے اللہ مجھے توفیق دے اپنے ذکر کی اور اپنے شکر کی اور اس بات کی کہ میں تیری اچھی طرح عبادت کر سکوں۔

حضرت اقدس مسیح موعود نے شرائط بیعت میں نمبر 3 پر لکھا ہے ...... اور دلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔ (مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 189)

اس میں بھی روزانہ زبانی اور عملی شکر گزاری کی شرط تحریر فرمائی ہے۔ دیگر ضروری باتوں اور ہدایات کے ساتھ ساتھ۔

بہترین دعا

الحمدللہ کہنا بہترین دعا ہے۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ بہترین ذکر کلمۂ توحید ہے یعنی اس بات کا اقرار کرنا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بہترین دعا الحمدللہ ہے۔ (یعنی اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے رہنا)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ UK میں سب جماعت کو توجہ دلا چکے ہیں کہ ہم احمدی نعمت خلافت پا کر اپنے رب کے بے حد شکر گزار ہیں اور اپنے گھروں میں عبادات اور دینداری کا ماحول پیدا رکھیں۔ اپنے اہل و عیال کو اپنے عملی نمونہ سے دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کی رہنمائی کرتے رہیں۔

زبانی شکر اور حمد باری تعالیٰ کو ورد زبان رکھنے کے ساتھ ساتھ، دست با کار اور دل بایار کے طرز پر زندگی کے دن گزارنے چاہئیں۔ اور بہترین شکر کا طریق اس وقت دین اور جماعت کے کاموں میں حصہ لینا ہے۔ کیونکہ حضرت اقدس مسیح الزماں کشتی نوح میں فرماتے ہیں ''عزیزو یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا ...... تم ایسے برگزیدہ نبیؐ کے تابع ہو کر کیوں ہمت ہارتے ہو؟ تم اپنے وہ نمونے دکھلاؤ جو فرشتے بھی آسمان پر تمہارے صدق و صفا سے حیران ہو جائیں اور تم پر درود بھیجیں۔''

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 ص 85,83)

دامے درمے سخنے جو بھی کسی سے بن پڑے خدمت کرے۔ خلافت احمدیہ کی برکت سے ذیلی تنظیموں میں حصہ لے کر اور اس کے علاوہ خدمت خلق اور اپنے ماحول کے تربیتی نظام میں حصہ لے کر ہر احمدی مرد و زن خدمت کے کاموں میں شریک ہو سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے احسانوں کا شکر نہ زبان سے پورا ہو سکتا ہے اور نہ جسم سے۔ جیسے فرمایا ؎

کس طرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر و سپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

قول و فعل سے شکر گزاری میں مصروف رہنے کے ساتھ ہمیں اپنے آنے والی نئی پود کو بھی خدمت دین میں شوق سے حصہ لینے کے قابل بنانے کے لئے ہر جتن اور بے حد دعا سے کام لینا چاہئے۔

شرط بیعت نمبر 5 میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ''یہ کہ ہر حال رنج اور راحت اور عسر اور یسر اور نعمت اور بلا میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کرے گا اور بہر حالت راضی بقضا ہو گا اور ہر ایک ذلت اور دکھ کے قبول کرنے کے لئے اس کی راہ میں تیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہیں پھیرے گا بلکہ آگے قدم بڑھائے گا۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 189)

(باقی صفحہ 6 پر)

نہ کہنے کا ہنر

جاوید چودھری اپنے کالم میں لکھتے ہیں:۔

بچی کی آنکھ میں آنسو تھے، اس نے پلو سے آنکھیں پونچھیں اور روتی، سسکتی آواز میں بولی ''سر میں بھیڑ بکری ہوں، میں میز کرسی ہوں، میں کپڑے کا تھان ہوں یا پھر میں بالٹی یا پلیٹ ہوں، میں کیا ہوں'' میں نے شفقت سے جواب دیا ''بیٹا آپ ایک مکمل انسان ہو''۔اس کی عمر اکیس بائیس برس ہوگی۔ وہ کالج میں پڑھتی تھی۔ بے شمار دوسری ماؤں کی طرح اس کی ماں بھی اس کی شادی کرنا چاہتی تھی۔ پچھلے دنوں اس کے لئے ایک رشتہ آیا۔لڑکا امریکہ میں انجینئر تھا۔ لڑکے کے والدین دیہاتی پس منظر سے تعلق رکھتے تھے لہٰذا وہ بہو اور گائے میں خاص فرق نہیں سمجھتے تھے۔ بچی جب ان لوگوں کے سامنے آئی تو لڑکے کی ماں نے اس کا اسی طرح جائزہ لیا جس طرح عموماً دیہات میں جانوروں کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ ماں نے اس کے ہاتھ پاؤں دیکھے۔ اس کی نظر ٹیسٹ کی۔ اسے اپنے سامنے چلا، پھرا اور بٹھا کر دیکھا۔ اس کا قد، اس کا وزن معلوم کیا۔ منہ کھلوا کر اس کے دانت گنے اور اسے سونگھ کر دیکھا۔ بچی حساس تھی، ان حرکتوں نے اس کا دل توڑ دیا۔ وہ شاید یہ سب کچھ برداشت کر جاتی لیکن آخر میں لڑکے کی ماں نے ایک عجیب حرکت کی وہ لڑکی کو باہر لے کر گئی اور اسے دھوپ میں کھڑا کر کے اس کا رنگ دیکھنا شروع کر دیا یہ انتہا تھی، بچی روتی ہوئی اندر گئی۔ اس نے دروازے کو اندر سے چٹخنی لگائی اور پھر پورا دن اندر بند رہی۔ اس کے والدین میرے جاننے والے تھے انہوں نے دوسرے دن بچی کو میرے پاس بھیج دیا۔ اب وہ میرے سامنے بیٹھی تھی میں نے کہا ''بیٹا آپ ایک مکمل انسان ہو'' اس نے سسکتے ہوئے پوچھا ''پھر انہوں نے میرے ساتھ ایسے کیوں کیا'' میں ہنس پڑا ''بیٹا اس لئے کہ وہ لوگ ادھورے تھے۔ ان لوگوں نے زندگی کو کبھی جانوروں سے اوپر اٹھ کر دیکھا ہی نہیں۔ ہم لوگ دوسرے لوگوں کو دوسری چیزوں کو اپنے معیار اپنے نقطہ نظر سے پرکھتے ہیں۔ ایک گائے دنیا کی ہر چیز کو گائے کی نظر سے دیکھے گی۔ ایک چڑیا پوری کائنات کو چڑیا کی آنکھ سے دیکھے گی۔ وہ لوگ کیونکہ انسانوں کے بھیس میں جانور ہیں لہٰذا انہوں نے جانوروں کی طرح ہی تمہارا جائزہ لیا اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں۔ اگر کوئی شخص گھاس کی پلیٹ میں ہیرا ڈال کر گدھے کے سامنے رکھ دے اور گدھا ہیرا زمین پر پھینک دے تو اس میں ہیرے کا کیا قصور ہے۔'' بچی نے آنسو پونچھے اور تھوڑا سا مسکرا کر بولی ''سر آپ اس موضوع پر ضرور لکھیں، لڑکوں کے ماں باپ کو یہ ضرور بتائیں، لڑکیاں بھی انسان ہوتی ہیں، اللہ نے ان کو بھی دل اور انا دے رکھی ہے، سر انہیں سمجھائیں اللہ کی مخلوق کو بھیڑ بکریاں نہ بنائیں۔ انسان کے ساتھ انسانوں جیسا سلوک کریں'' میں نے بچی کے ساتھ وعدہ کر لیا، بچی واپس چلی گئی۔

شام کو میرے ایک دوست میرے پاس آئے میں اداس بیٹھا تھا، انہوں نے وجہ پوچھی تو میں نے ان کو یہ سارا قصہ سنا دیا، وہ بھی دکھی ہو گئے انہوں نے مجھے اپنے محلے کی ایک بچی کا واقعہ سنایا، بچی ذرا واجبی شکل وصورت کی تھی اس کے گھر جو بھی لوگ آتے تھے بچی کو دیکھنے کے بعد واپس چلے جاتے، یہ سلسلہ دو تین سال تک چلتا رہا یہاں تک کہ بچی نفسیاتی مریض بن گئی، علاج شروع ہوا لیکن افاقہ نہ ہوا آجکل وہ بچی پاگل خانے میں داخل ہے۔ ہم دونوں مزید دکھی ہو گئے۔ اسی دوران ہمارا ایک تیسرا دوست بھی آ گیا۔ سارا قصہ سنا تو اس نے قہقہہ لگایا۔ ہم نے اس کی طرف غصے سے دیکھا مگر وہ ہنستا چلا گیا۔ وہ کئی منٹوں کی ہنسی کے بعد بولا ''بے وقوفو صرف افسوس کرنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ اس مسئلے کے حل کے لئے اس ملک کے تمام لڑکے والوں کو آگے آنا ہوگا۔ انہیں بولڈ سٹیپ لینا ہوگا۔'' ''ہم نے پوچھا وہ کیسے'' وہ مسکرا کر بولا ''میں نے اپنے بیٹے کی شادی کرنی تھی۔ ہم نے اس سلسلے میں کم از کم بیس پچیس رشتے دیکھے لیکن ہم نے کسی بچی کو کانوں کان خبر نہ ہونے دی کہ کوئی اسے بہو کی نظر سے دیکھ رہا ہے۔ ہم نے پوچھا وہ کیسے وہ مسکرایا ایک تو ہم براہ راست کسی کے گھر نہیں جاتے تھے کسی دوست نے اگر کوئی رشتہ بتایا تو ہم اس دوست کے گھر چلے جاتے اور وہ دوست بہانے سے بچی اور اس کے والدین کو بلا لیتا۔ ہم غیر محسوس طریقے سے بچی کو دیکھ لیتے اس کے والدین کے ساتھ گپ شپ لگا لیتے ہم کسی نہ کسی تقریب میں بچیوں اور ان کے والدین کو بلا لیتے اور غیر محسوس طریقے سے ان کا جائزہ لے لیتے۔ اس چالاکی کے دوران صرف ایک موقع ایسا آیا جب ہم کسی کے گھر گئے اور اس خاندان نے ہماری آمد کو ''لڑکے والے آئے ہیں'' قسم کا تاثر دے دیا۔ ہم وہاں جا کر پریشان ہو گئے بچی اور بچے کا میل مشکل تھا ہم لوگ بچی اور اس کے والدین کا دل بھی نہیں توڑنا چاہتے تھے لہٰذا وہاں میں نے ایک عجیب تکنیک لڑائی۔ میں نے بچی کے سر پر ہاتھ رکھا اور اس سے کہا ''بیٹی تم جس گھر بھی جاؤ گی وہ لوگ بہت خوش قسمت ہوں گے مجھے تم بہت اچھی لگی ہو تم بالکل میری بیٹیوں کی طرح ہو۔ میں تمہیں دھوکے میں نہیں رکھنا چاہتا۔ میرا بیٹا تمہارے قابل نہیں ہے۔ اس کا آئی کیو لیول، اس کی تعلیم اور اس کے رویے تم سے بہت چھوٹے ہیں۔ وہ خوبصورتی میں بھی تمہارا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ چنانچہ میں تمہارے ساتھ ظلم نہیں کرسکتا۔ میرے ان الفاظ نے بچی اور اس کے خاندان کی ڈھارس بندھائی، وہ آج تک ہمارا احترام کرتے ہیں۔ ہمیں اپنے دوست کی یہ ادا بہت اچھی لگی وہ ذرا دیر رکا اور پھر مسکرا کر بولا ''ہم دوسروں کو پسند کرنے کے لئے شائستگی کا مظاہرہ کرتے ہیں لیکن ہمیں لوگوں کو مسترد کرنے کے لئے اس سے چار ہزار گنا زیادہ شائستگی کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہاں تو دنیا میں سب ہی کہہ سکتے ہیں لیکن نہ کہنا ایک آرٹ، ایک ہنر ہے اور یہ آرٹ، یہ ہنر ہمارے ملک کے ہر اس شخص کو اس وقت سیکھ لینا چاہئے جس وقت نرس اس کی گود میں اس کا بیٹا لاکر ڈالتی ہے۔ وہ ذرا سا رکا اور پھر مسکرا کر بولا ''ہمیں اس ملک کے تمام لڑکے والوں کو یہ آرٹ، یہ ہنر سکھانا ہوگا۔''

(روزنامہ جنگ 14/اپریل 2005ء)

مکرم فہیم احمد شاہد صاحب

مکرم منیر احمد بٹ صاحب

ہر شخص جو اس دنیا میں آیا ہے اس نے لازماً ایک نہ ایک دن جانا ہے مگر کچھ نیک لوگ جو اس دنیا کو چھوڑ کر جاتے ہیں وہ اپنی دلکش یادیں چھوڑ جاتے ہیں جو ایک لمبے عرصہ تک یاد رہتی ہیں انہی لوگوں میں سے ایک مکرم منیر احمد صاحب بٹ آف ترسکیلہ سیان ضلع سیالکوٹ ہیں جو ایک فدائی احمدی تھے جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے تھے کوئی جماعتی کام ہوتا تو ذاتی کام کو ترک کر کے اسے مقدم کرتے تھے۔ انصاراللہ میں بطور نگران حلقہ کام کرنے کی توفیق ملی بڑی جانفشانی سے کام کیا گرمی سردی کی قطعاً کوئی پرواہ نہ کی جو کام ذمہ لگا فوراً سائیکل پکڑا اور جماعتوں کا دورہ شروع کر کے اس کام کو مکمل کیا وفات تک ان کاموں کو بخوبی سرانجام دیتے رہے۔

